ساہو فلمز کا تیار کردہ

Fai Y.

انسان کا فرض

इन्सान का फ़र्ज़

ستارے

ونتی بالا ۔ سیتل وزن ۔ بیگم پارہ ۔ پنجو (م)

جگدیش ۔ اور ساکی

قیمت ۱ر

زینت اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے
قسمت کا کھیل کے

گانا نمبر ا

قِسمت کا کھیل ہے جناب عالی
آپ کے پاس ہیں موتی خزانے
اور اپنی جیب خالی، جیب خالی، جیب خالی
نکلے بازار سے وہ مسکرانے
بڑھ کے ہر چیز پہ بولی لگانے
ہم نے گردن جھکالی، ہاں جھکالی، تو جھکالی — قسمت کا...
ہم کو بھی ڈھونڈتی نعمت ہمارے گھر پہ آئی
لیکن ہم سو گئے تھے آرام سے اوڑھے رجائی
تب سے روٹھی ہوئی ہے نازوالی، نازوالی — قسمت کا...
ہم کو اپنی غریبی کا ذرا بھی غم نہیں ہے
زندہ ہیں آپ کی دعا سے یہ کچھ کم نہیں ہے
مت پوچھو کس طرح یہ جاں سنبھالی جاں سنبھالی، جاں سنبھالی
قسمت کا.......
کیا لے کے آئے تھے ہم اور کیا لے جائیں گے وہ
جوڑ کے کچھ انہیں اور کچھ انہیں دے جائیں گے وہ
پیارے دنیا نرالی ہے، نرالی ہے، نرالی — قسمت کا...

گانا نمبر ۲

نہ برے، نہ بھلے، ہم غریب غم کے پلے
تم کیا جانو ہستی ہماری، راجہ، تم کیا جانو ہستی ہماری

لاڈلی زندگی، اپنی آنسوؤں میں ڈھلی

ادا ادا دو تم کیا جانو ــــــ نہ بُرے نہ بھلے......

ہماری بھی گلی مسکرائے چاندنی بادل جھوم کے گائے رسیلی راگنی

تمہارے محل سے کچھ کم نہیں یہ بستی ہماری ــــ نہ بُرے نہ...

نہ چھوٹا، نہ بڑا کوئی، برابر کے سبھی

گلے ملتی یہاں یہ زندگی سے زندگی

گزر بھی جاتی ہے طوفانوں میں دیکھو کشتی ہماری ــــ نہ بُرے نہ...

کبھی جا یہ زلو کا بہار ہے، آزما کے دیکھنا

بُری گھڑیوں میں یہ باتیں بڑھا کے دیکھنا

مٹے گی پیار کے ایک بول پہ ہستی ہماری ــــ نہ بُرے نہ...

گانا نمبر ۳

عرض ہے آپ سے، آپ سے، اور آپ سے بھی

بھید کی بات ہے اپنوں سے کہی جاتی ہے

بالم آئے گا آئے گا ــــ

چٹھی آئی اینٹ وار کی تمام تک آئے گا آئے گا

چاہے گوری کو اس کا یقیں ہو نہ ہو

میرا دل کہہ رہا تھا کہ آئیں گے وہ

پہلی پہلی ملاقات کی وہ قسم

بھول کر بھی نہیں بھول پائیں گے وہ

بالم آئے گا آئے گا ــــ

چٹھی آئی اینٹ وار......

اُن کو بھی ایک پلک نیند آتی نہ تھی

دور تھے ہائے وہ کتنے مجبور تھے
اس طرف میرے پہلو میں اِک آگ تھی
اُس طرف اُن کے سینے میں ناسور تھے
بالم آئے گا آئے گا ——
چھٹی آئی ایت وار ——
آ اے میری سکھی جوڑا کس دے میرا
دھانی ریشم کی چنری پہنادے ذرا
میری انکھیوں سے اُن کو بہت پیار ہے
میری آنکھوں میں کاجل لگا دے ذرا
بالم آئے گا آئے گا ——
چھٹی آئی ایت وار ——

گانا نمبر ۱۲

لڑکا :۔ کہہ دو جی کہہ دو چھپاؤ نہ پیار
کبھی کبھی آتی ہے جھومتی بہار ، ایسی جھومتی بہار
لڑکی :۔ کیسے کہوں بالما شرم کی ہے بات
کہہ دیگا جا نا سب سے سن لے گی رات ، سکھیاں سن لے گی رات
لڑکا :۔ دل کی لگی کیا ہے تم ہی بتاؤ
جھکی جھکی انکھیوں کے پردے اُٹھاؤ
لڑکی :۔ دل کی لگی کو تاروں سے پوچھو
بہتی ندی کے دھاروں سے پوچھو
جو جلتے ہیں راتوں کو اپنی ہی آگ میں پہنے وہ شبنم کے ہار
لڑکا :۔ کہہ دو جی ، کہہ دو ۔۔۔۔

قسمت کا کھیل

لڑکی:۔ کیسے کہوں بالما۔۔۔
لڑکا:۔ یہ ریشم چھیڑے کس کے ترانے۔ جیسے بجے ہوا کے کیوں ہیں دیوانے
لڑکی:۔ مدہوش ہیں یہ ساری فضائیں پیار بھری ہیں اُن کی ادائیں
یہ نظروں کے تاروں کی ہر کہانی پوچھو رس کی پھر سے ہے پھوار

گانا نمبر ۵

لڑکی:۔ تو مانے یا نہ مانے، بلم انجانے
بے درد تیرے لیے، ناچے میری زندگی ۔ تو۔۔۔
لڑکیاں:۔ تھم تھرکت تم تک تا ہا، تیام تا تھیا
لڑکی:۔ جب بھی ہو تیرا میرا سامنا۔ مشکل ہو جائے دل کو تھامنا
تو مانے یا نہ مانے۔۔۔
میرا تن من گھیرے کھڑے ہو، پھر کیوں نظریں پھیرے کھڑے ہو
تو مانے یا نہ مانے۔۔۔
لے چلے کہاں دل کو ہمارے، چھوڑ چلے ہمیں کس کے سہارے
تو مانے یا نہ مانے۔۔۔

گانا نمبر ۶

جھولے جھولیں ہم تاروں میں، رنگ رنگیلے گلزاروں میں
چاند سے اُتری پیار کی تتلی ہیں تمہاری گلبدن
بکھرے سپنے کھوئے نغمے لائی تمہاری گلبدن
جھولے جھولیں۔۔۔
نہ ایسے غم ہیں، نہ یہ ستم ہیں، بلم کے اُس دیس میں
سب کے ساتھ پیار کی بات ہوتی ہے اُس دیس میں
جھولے جھولیں۔۔۔

گانا نمبر ۶

اے زمیں! اے آسماں! اتنا بتا اتنا بتا
جیسے ہونے لُٹ گئی کہاں ہے وہ، کہاں ہے وہ، کہاں ہے وہ، کہاں

میں آج رونے رونے مرجاؤں تو تمہیں کیا
دُنیا کی گردشوں میں پس جاؤں تو تمہیں کیا

رکھنے ہی چار تنکے اُجڑا یہ آشیاں
کہاں ہے وہ، کہاں ہے وہ، کہاں ہے وہ، کہاں

میں کون ہوں کہاں ہوں، کچھ بھی خبر نہیں ہے
ہندو ہوں یا مسلماں یہ بھی خبر نہیں ہے

انسان ہوں، او مالک، دِلدار مانگتی ہوں
دولت نہیں میں تجھ سے میرا پیار مانگتی ہوں

مندر بھی تیرا گھر ہے، یہ مسجد بھی تیرا گھر ہے
یہ گرجا بھی تیرا گھر ہے، پر تو بتا کدھر ہے

کدھر ہے کدھر ہے، کدھر ہے، تو کدھر ہے

اللہ ہو اکبر اشہدو ان لا الٰہ اللہ

ہری اوم! ہری اوم! ہری اوم!

(ختم شد)

رنگیلائے ہمایوں ہماری ہر قسم کے صابن تنالا بنانے دھونے کے کھٹیا
ہر قسم خوشبودار وغیرہ بنانیکا آسان طریقہ اسکے اندر آپکو ملیگا

قیمت صرف ۸/۱۱ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عشرتِ شباب یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے علاوہ بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا دل وجان سے اسکا والا وشیدا ہو گیا اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات وہدایات درج فرمائی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت صرف ۱-۱ عہ محصولڈاک معاف

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے صابون تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ قیمت صرف ۱-۱ 3 محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ موجودہ زمانے میں جتنا لوگ ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سینما سنگیت عرف گیتوں کا گورو

یہ ۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چنیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانۂ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ بینا کماری۔ ریحانہ۔ وجینتی مالا۔ اوشا کرن۔ نروپا رائے۔ شکیلہ۔ بینا رائے۔ شیاما اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ اوم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱-۸ روپیہ محصول ڈاک معاف

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتاب

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنیوالے ایکٹروں

فلمستان کی پریاں

ایکٹرسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کس طرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے متعلق سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔ اسکی ایک جلد ضرور منگوائیں

قیمت صرف ۱-۱ روپیہ محصول ڈاک معاف

زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دھلی